# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 27 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۷/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **گوری گنپتی اُتسو کے موقع پر ریاستی حکومت کی جانب سے ایک کروڑ 70 /لاکھ سے زائد اہل شہریان میں کھانے پینے کی اشیاء کی کِٹ آنند اچہ شِدھا کی کی جائے گی تقسیم**

☆ **خواتین کو بااختیار بنانے کی وزیر اعلیٰ کی مہم کا آئندہ 2 /اگست سے سلوڑ سے ہوگا آغاز**

☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر میں آج سے 3 /دنوں کے ترنگ کسان میلے کی شروعات**

☆ **خواتین کے ایشیاء کپ T-20 /کرکٹ مقابلوں میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان کل فائنل میچ**

**اور**

☆ **پیرس اولمپک کھیلوں کا افتتاحی پروگرام کے ذریعے آغاز**

**اب خبریں تفصیل سے...**

اِس بار کے گوری گنپتی اُتسو کے موقع پر ریاست کے ایک کروڑ 70/لاکھ 82/ہزار 86/راشن کارڈ کے حاملین کو آنند اچہ شدھا نامی کھانے پینے کی اشیاء کی کٹ رعایتی قیمت 100/روپے میں تقسیم کی جائے گی۔ یہ کِٹ ایک ایک کلو روا ' چنے کی دال ' شکر اور ایک لیٹر تیل پر مشتمل ہوگی۔ یہ کٹ آئندہ 15/اگست تا 15/ستمبر کے دوران ای پاس طریقہ کار کے ذریعے تقسیم کی جائے گی۔

***** ***** *****

ریاست کے قبائلی اضلاع میں قبائلی خاندانوں کو پھلوں کے پودے اور سبزی اُگانے کے لیے چلائی جانے والی مہم کی خاطر 40 رلاکھ روپئے کے انتظامی فنڈ کو منظوری دی گئی ہے۔ اِس کے لیے ریاستی حکومت کی جانب سے سرکولر جاری کیا گیا ہے۔ ریاست کے ناندیڑ ' تھانے ' پالگھر' پونے ' احمد نگر ' ناسک اور نندوربار سمیت کل 14 راضلاع کے قبائلی خاندان اِس اسکیم سے فائدہ اٹھائیں گے۔

***** ***** *****

قومی ریزرویشن فہرست میں شامل ہونے کے لیے پسماندہ طبقات کے ریاستی کمیشن کی جانب سے داخل کی گئی درخواست کے سلسلے میں کل پسماندہ طبقات کے قومی کمیشن کے چیئرمین ہنس راج آہیر کی صدارت میں ایک سنوائی کی گئی ۔ اِس ساعت کے موقع پر قومی کمیشن کے عہدیداران ' افسران اور مختلف ذاتوں کے نمائندے موجود تھے۔ کمیشن کے چیئرمین اہیر نے اُس وقت موصول ہونے والی درخواست کے مطابق متعلقہ افسران کو آگے کی کارروائی مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

شیوسینا نے ممبئی عدالت عالیہ میں ایک عرضی داخل کی اور مطالبہ کیا ہے کہ آئندہ اسمبلی انتخابات سے قبل اراکین اسمبلی نا اہلی معاملے میں اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے اُن اراکین اسمبلی کو نا اہل قرار دیں جو پارٹی وہیپ کی خلاف ورزی کرتی ہے۔ پارٹی کے رکن اسمبلی بھرت گوگاولے نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی نے آئندہ انتخابات میں مہاوکاس آگھاڑی میں شامل پارٹیوں میں نشستوں کی تقسیم پر تبادلہ خیال کی خاطر ریاستی اور ممبئی کی سطح پر 2 رخصوصی کمیٹیاں تشکیل کی ہے۔ پارٹی کے جنرل سیکریٹری کے سی وینوگوپال نے اِس سلسلے میں مکتوب جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر مملکت مرلی دھر موہل نے ہدایت دی ہے کہ پونے کے کھڑک واسلہ آبی منصوبے سے پانی چھوڑنے سے متعلق محکمۂ آب پاشی اور میونسپل کارپوریشن کے افسران تال میل قائم کریں تاکہ دوبارہ ماضی قریب جیسا حادثہ پیش نہ آئے۔ وزیر موصوف کل اِس سلسلے میں منعقدہ جائزاتی اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔

اِسی بیچ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے میونسپل کارپوریشن اور دیگر خانگی صفائی کمپنیوں کی مدد سے سیلاب متاثرین کے گھروں سے کیچڑ اور کچرے کی صفائی کے لیے جنگی پیمانے پر مہم چلائیں ۔ وزیر اعلیٰ نے سیلاب سے مکانات اور زراعت کو ہونے والے نقصان کے فوری پنچ نامے کرنے کی بھی ہدایت دی ۔

***** ***** *****

خواتین کو با اختیار بنانے کی وزیر اعلیٰ کی مہم کا آغاز آئندہ 2/اگست کو سلوڑ سے کیا جائے گا ۔ اِس تقریب میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے شرکت کریں گے ۔ چھترپتی سنبھا جی نگر ضلع کے سرپرست وزیر عبدالستار نے کل سلوڑ میں منعقدہ ایک جائزاتی میٹنگ میں انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ ضلعے کے اہل خواتین تک حکومتی اسکیموں کا فائدہ پہنچائیں ۔ وزیر موصوف نے اِس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ ضلعے میں وزیر اعلیٰ لاڈلی بہن اسکیم کے اندراج کا کام اچھی طرح سے جاری ہے ۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

کل ہر طرف مختلف تقریبات کے ساتھ کارگل فتح کا دن منایا گیا۔ گورنر رمیش بئیس نے کل ممبئی کے کولابا میں شہداء کی یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اِس موقع پر شہید فوجیوں کے خاندانوں کی 11/ویر خواتین کو اعزاز سے نوازا گیا۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے بھی کارگل جنگ کے بہادروں کو سلام پیش کیا اور کہا کہ ہمیں اُن کی بہادری کو ہمیشہ یاد رکھتے ہوئے کسی نہ کسی شکل میں ملک کی خدمت کرنی چاہیے ۔ انھوں نے اِس موقع پر مہاراشٹر کے اُن 6/فوجیوں کو بھی یاد کیا جنھوں نے اِس جنگ میں اپنی جانیں گنوائیں اور کہا کہ حکومت سابق فوجیوں اور اُن کے خاندانوں کے تئیں عہد کی پابند ہے۔

***** ***** *****

چھتر پتی سنبھا جی نگر میں بھی کارگل کے شہید فوجیوں کی تصاویر پر پھول چڑھا کرانھیں سلامی دی گئی۔3/ویر ماؤں اور 6/ویر بیویوں سمیت کارگل جنگ میں حصہ لے چکے سپاہی پرلہاد گوپی ناتھ پٹھارے کوضلع فوجی بہبود دفتر کے سربراہ میجر ایس فراست کے ہاتھوں اعزاز سے نوازا گیا۔ اِس موقعے پر پٹھارے نے جنگ کی یادیں تازہ کی۔اِسی طرح ہنگولی کلکٹر دفتر میں بھی کلکٹر جتندر پاپلکر نے بھارت ماں کی تصویر پر پھول چڑھا کر شہیدوں کوخراج عقیدت پیش کیا۔اِس موقعے پرانھوں نے کہا کہ ضلع انتظامیہ سابق فوجیوں کے مسائل کے حل کے لیے ہر وقت تیار ہے۔

***** ***** *****

سینئر قائد اور رکن پارلیمان شرد پوار اِس وقت چھتر پتی سنبھا جی نگر کے دورے پر ہیں۔ پرنسپل مخدوم فاروقی کی جانب سے کیے گئے پدم وبھوشن شرد پوار دی گریٹ اینگما نامی کتاب کے اُردو ترجمہ کا کل شرد پوار کے ہاتھوں اجراءعمل میں آیا۔

اِس بیچ سینئر دانشور اور مصنف شیش راؤ چوہان کی لکھی گئی 4/کتابوں کا بھی آج شرد پوار کے ہاتھوں اجراءعمل میں آئے گا۔

***** ***** *****

لاتور سے کانگریس کے رکن پارلیمان ڈاکٹر شیواجی کالگے نے کل دِلّی میں زمینی حمل ونقل کے مرکزی وزیر نتن گڈکری سے ملاقات کی اور حلقے کی اہم شاہ راہوں اور سڑکوں کے مسئلے پر تبادلۂ خیال کیا۔اِس موقعے پر کالگے نے مطالبہ کیا کہ 4/لین والی شاہراہ خاص طور پر لاتور - گُروڈواڑی - ٹیمبھورنی کا کام فوری شروع کیا جائے۔رکن پارلیمان کالگے نے ایک صحافتی مکتوب کے ذریعے مطلع کیا کہ گڈکری نے تیقن دیا ہے کہ اِن تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

***** ***** *****

کسانوں اور زرعی پیداوار کمپنیوں کے 3/روزہ میلے '' ترنگ '' کا آج سے چھتر پتی سنبھا جی نگر میں آغاز ہورہا ہے۔ جالنہ روڈ کے پاٹی دار بھون میں 29/جولائی تک چلنے والے اِس میلے میں کسانوں اور زرعی کمپنیوں کی بہترین معیار کی پیداوار کی نمائش اور فروخت کی جائے گی۔ضلع ترقیاتی افسر سُریش پٹولے کرنے نابارڈ کے ذریعے ضلع شہریان اور تاجروں سے اِس میلے میں شرکت کرنے اور زرعی اشیاء خریدنے کی اپیل کی ہے۔یہ اجتماع حکومتی اِدارے نابارڈ کے ذریعے ملک کے 50/شہروں میں منعقد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

ناندیڑ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے یوم ماحولیات سے شروع کیے گئے ہرت ناندیڑ مہم کے تحت اب تک 10/ ہزار درخت لگائے جا چکے ہیں۔ میونسپل کمشنر ڈاکٹر مہیش کمار ڈوئی پھوڑے نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ آئندہ 2/ مہینوں میں شہر میں 25/ ہزار نئے پودے لگائے جائیں گے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے میں بچپن کی شادی کی روک تھام کی خاطر 125/ اسکولوں میں چھٹی سے 10/ ویں جماعت کے طلباء اور اُن کے والدین کی ذہن سازی کے لیے سیشن کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ جس کے لیے 40/ مقامی رضا کاروں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اِن رضا کاروں کو یونی سیف کی جانب سے 2/ روزہ تربیت دی جائے گی۔ مذکورہ رضا کار ضلع کی اسکولوں میں جا کر اِس سلسلے میں طلباء اور والدین کی رہنمائی کریں گے۔

***** ***** *****

بیڑ کی گیان رادھا کریڈٹ سوسائٹی میں پھنسے پیسو کی واپسی کی خاطر کھاتے داروں نے کل جالنہ ضلع کلکٹر دفتر پر مورچہ نکالا۔ اِس موقع پر جلوس کے شرکاء نے مذکورہ کریڈٹ سوسائٹی کی جائدادیں ضبط کرنے ' کلکٹر دفتر میں اِس سلسلے کی شکایات کے ازالے کی خاطر علیحدہ روم قائم کرنے کا مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

پیرس اولمپک کھیلوں کا افتتاح کل رات ایک شاندار تقریب میں ہوا۔ فرانسیسی صدر ایمانوئل میکراں نے کھیلوں کے آغاز کا اعلان کیا۔ اولمپک کھیلوں کی تاریخ میں پہلی بار 7/ ہزار سے زائد کھلاڑیوں نے اِس تقریب میں شرکت کی جو شدید بارش میں دریائے سین کے کنارے ایک میدان میں منعقد ہوئی۔ بھارتی کھلاڑی ٹورنامنٹ کے ہاکی' بیڈمنٹن ' ٹینس ' ٹیبل ٹنس ' نشانے بازی ' مُکّے بازی اور کشتی رانی وغیرہ کھیلوں میں حصہ لیں گے۔

***** ***** *****

خواتین کے ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ کل بھارت اور سری لنکا کے درمیان کھیلا جائے گا۔گزشتہ روز ہونے والے سیمی فائنل مقابلے میں بھارتی ٹیم نے بنگلہ دیش کو اور سری لنکا نے پاکستان کوشکست دی۔ بنگلہ دیش کی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بلّے بازی کی جواب میں بھارتی سلامی جوڑی شِفالی ورما اور اسمرتی مندھانا نے 81/رنوں کا ہدف صرف 11/اوورس میں حاصل کرلیا۔وہیں دوسرے مقابلے میں سری لنکن ٹیم نے پاکستان کی جانب سے دیے گئے 140/رنوں کے ہدف کو ایک گیند اور 3/وکٹیں باقی رکھتے ہوئے حاصل کرلیا۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھرسن لیجیے ...**

- ☆ **گوری گنپتی اُتسو کے موقع پر ریاستی حکومت کی جانب سے ایک کروڑ70 /لاکھ سے زائد اہل شہریان میں کھانے پینے کی اشیاء کی کِٹ آنند اچہ شِدھا کی کی جائے گی تقسیم**
- ☆ **خواتین کو بااختیار بنانے کی وزیر اعلیٰ کی مہم کا آئندہ 2 /اگست سے سلوڑ سے ہوگا آغاز**
- ☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر میں آج سے3 /دنوں کے ترنگ کسان میلے کی شروعات**
- ☆ **خواتین کے ایشیاء کپ T-20 /کرکٹ مقابلوں میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان کل فائنل میچ**

**اور**

- ☆ **پیرس اولمپک کھیلوں کا افتتاحی پروگرام کے ذریعے آغاز**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینلAIR چھترپتی سنبھاجی نگر پردوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆